## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد وقار کو شہید کردیا

## محمد وقار کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس، محمد وقار کی شہادت کا واقعہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار ولد محمد بخش مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن شاہ فیصل کالونی میں کاکڑ ہوٹل کے قریب سے گزر رہے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔واقعہ کی اطلاع ملتی ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔محمد وقار کی شہادت کے واقعے سے ایم کیوایم کے کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد وقار شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد وقار شہید کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعہ کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض عناصر کراچی میں امن وامان کی صورت حال خراب کرنے کیلئے دہشت گردی پر اتر آئیں ہیں اس مقصد کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں بے گناہ شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور محمد وقار کا قتل بھی اسی سازش کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ محمد وقار کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے محمد وقار شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور محمد وقار شہید کی مغفرت اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو سخت ترین سزادی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایس ایس پی سی آئی ڈی فیاض خان کی پریس کانفرنس میں کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے ذمہ دار 2 دہشت گردوں حامد پیا اور ظفر گنجا کی گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم گزشتہ کئی دنوں سے عوام کو آگاہ کرتی رہی ہے کہ ایک گھناؤنے منصوبے کے تحت کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے اور ان دہشت گردوں کی گرفتاری سے ملک بھر کے عوام جان سکیں گے کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں کون ملوث ہے اور ان سفاک دہشت گردوں کو کن عناصر کی سرپرستی حاصل ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

## کراچی میں قتل وغارتگری کے واقعات لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور گینگ وار کا شاخسانہ ہے، ارکان قومی اسمبلی

## کراچی کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔23، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے واقعات کو کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں قتل وغارتگری کے واقعات لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور گینگ وار کا شاخسانہ ہے، امن دشمن عناصر فرقہ واریت کی بنیاد پر کراچی کے عوام کو لڑانے کی سازش میں ناکامی کے بعد بے گناہ شہریوں کا قتل کرکے شہر کا امن غارت کررہے ہیں تاکہ پاکستان کی معاشی ترقی پر قدغن لگائی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کیلئے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ دیکھیں کہ کرچی میں امن کی خراب صورتحال کا فائدہ کسے پہنچ رہا ہے۔انہوں

نے کہا کہ ملک اور قوم انتہائی نازک دور سے گزر رہی ہے، ملک بھر کے عوام بے روزگاری اور مہنگائی کے عذاب جھیل رہے ہیں اور اس صورتحال میں پاکستان کی معاشی ترقی کو روکنے کیلئے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کرنے والے پاکستان اور اس کے عوام سے قطعی مخلص نہیں ہو سکتے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں معصوم و بے گناہ لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور دہشت گردی کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔انہوں نے کورنگی اور سرجانی ٹاؤن میں دہشت گردی کے واقعات میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سیشن کورٹ اور دیگر عدالتوں کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے ،لیگل ایڈ کمیٹی

کراچی۔۔۔23، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی نے سیشن کورٹ اور دیگر عدالتوں کے ملازمین کی وفاقی حکومت کے اعلان کے باوجود تنخواہیں نہ بڑھانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غریب سرکاری ملازمین کیلئے مہنگائی کے دور میں مشکلات بڑھ چکی ہیں جسکے باعث غریب ملازمین معمولی تنخواہ میں اشیائے ضرور یہ خریدنے سے بھی محروم ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مستحق سرکاری ملازمین کو اپ گریڈ بھی نہیں کیا گیا جس کے باعث ان میں گہری تشویش اور بے چینی پائی جارہی ہے۔لیگل ایڈ کمیٹی نے وفاقی وزیر قانون بابر اعوان سے مطالبہ کیا کہ غریب عدالتی ملازمین کے مسائل کا فوری حل نکالا جائے اور ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے بزرگ کارکن عبدالہشیم خان اشرفی روڈ ا یکسیڈنٹ میں انتقال کرگئے ،کارکن عبدالسلام شدید زخمی
## عبدالہشیم خان اشرفی کے انتقال اور کارکن کے زخمی ہونے پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی تعزیت

کراچی۔۔۔23، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈر زونگ لائنیز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن عبدالہشیم خان اشرفی روڈ ا یکسیڈنٹ میں انتقال کرگئے جبکہ ان کے ساتھ موجود کارکن عبدالسلام شدید زخمی ہوگئے۔عبدالہشیم خان اشرفی کے سوگواران میں ایک بیٹی، چار بیٹے اور بیوہ شامل ہیں جبکہ زخمی کارکن عبدالسلام اس وقت مقامی اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں زیر علاج ہیں۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرزونگ لائنیز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن عبدالہشیم خان اشرفی کے روڈ ا یکسیڈنٹ میں انتقال اور کارکن عبدالسلام کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالہشیم خان اشرفی مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ کرے اور زخمی کارکن عبدالسلام کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عبدالہشیم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم سکھر زون یوسی B-8 کے جوائنٹ انچارج ناصر علی مرحوم کو سپرد خاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔23، جون 2010ء

ایم کیوایم سکھر زون کے جوائنٹ انچارج ناصر علی مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سکھر کے نیا گوٹھ بندھانی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا انکی نماز جنازہ سجامع مسجد ٹکر چاند میں ادا کی گئی، تدفین میں ایم کیوایم اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن و وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو، ایم کیوایم سکھر زون کے زونل کمیٹی کے انچارج قطب الدین جوائنٹ انچارج عبدالعزیز، محمد طاہر بندھانی، اراکین زونل کمیٹی سعید احمد، محمد طیب، عبدالستار اور یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران نے مرحوم کے بڑے بھائی صابر علی سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ناصر علی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن راشد علی،
## لانڈھی سیکٹر کے کارکن وکیل اور ملیر سیکٹر کے کارکنان جنید اور عبیر احمد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے

کراچی۔۔۔23، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن راشد علی ولد شہزادے علی ،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے کارکن وکیل ولد فتح محمد ،ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن جنید ولد محمد یعقوب اور ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن عبیر احمد ولد اسحاق احمد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے مذکورہ بالا افراد سے کسی بھی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆